Institute of Horticultural Sciences, University of Agriculture, Faisalabad-38040, Pakistan

Horticultural nursery production is quite difficult during summer season due to elevating temperature and invasion of pathogenic organisms. Higher seasonal temperatures adversely affect production. Greenhouse production is an effective technique due to its reduced fertilizer and water requirements. The choice of substrate for nursery sowing significantly influences the germination and growth of horticultural plants. While traditional soil media (sand and silt) are commonly used in Pakistan. However, well-developed countries use pre-formulated soilless substrates containing peat moss, coco-coir, organic, or inorganic components. The current demand in the horticultural nursery market is for 100% filled plugs in germination trays, requiring growers to focus on producing seedling trays with high germination rates and uniform quality. However, achieving a uniform crop stand is challenging in nursery crops, partly due to poor substrate use. In Pakistan, traditional soil substrates may contain weed seeds and contribute to soil-borne pathogenic diseases.

Therefore, there is need for soilless substrates, due to its huge benefits such as efficient nutrient provision, continuous crop cultivation, temperature control, and efficient irrigation and fertilization. Despite the increasing demand for cut flowers and bedding plants, there is limited research on soilless substrates in Pakistan. The scarcity of local substrates and the high cost of imported mixes prompt the need to develop a sustainable and economical local substrate. Alternative substrates, characterized and corrected by suitable mixtures, can enhance plant quality and speed up production. Worldwide, countries like Holland, Japan, the USA, Central Europe, Korea, and China lead in adopting soilless substrate technology, while emerging countries like Thailand, Iran, India, and Pakistan are increasingly using locally optimized substrates. The trend of substrate usage in Pakistan reveals extensive use of sand, despite its lack of nutrition. Sand is favored for providing aeration, better drainage, and nutrient retention. However, it is noted that sand has limitations, and nurserymen often mix it with other substances like coco-coir and peat moss, which may be imported. It emphasizes the necessity of a good growing substrate for water and nutrient availability, as well as gaseous exchange. Flower production has been dependent on quality soilless substrates for over 25 years, and composts are gaining popularity for minimizing harmful effects such as salt content and nutrient immobilization.

Sphagnum peat is a common substrate due to its physical and chemical stability, but its increasing cost and declining availability prompt the search for alternative materials. Germany, Norway, Scotland, Finland, and Sweden are major peat-generating countries. Coco-coir, a by-product of coconut husk, is highlighted for its excellent physical attributes, water holding capacity, and suitability as an alternative to peat moss. However, it requires careful use to avoid compaction issues. Sawdust is extensively used as a low-cost soilless substrate with high water retention, but its gradual decomposition and potential oxygen deprivation need consideration. Rice hulls and rice hulls ash are suggested as potential aerating components, offering aeration in plug trays. Pressmud, a by-product of the sugarcane industry, is mentioned for its nutrient-rich composition but requires proper aeration for healthy seedling growth. Rice hulls, a by-product of rice milling, are widely used as mulch in Korea due to their abundance. In their raw form, rice hulls have lower water holding capacity but higher aeration percentage, making them suitable as an organic substitute for perlite and vermiculite. They have been reported to enhance the drainage of growth substrates. Additionally, rice hulls can be burnt to produce fine ash, which can function similarly to sand. The ash is easy to sterilize and may contain some nutritional content.

There is a dire need for realizing the importance of considering alternatives to peat moss, such as locally available materials, to ensure sustainability and cost-effectiveness. The use of coco-coir is explored as a promising substrate alternative, with its advantages and limitations discussed. Recent trends in substrate studies have shifted focus towards various characteristics such as physico-chemical and biological properties, water holding capacity, porosity, pH, electrical conductivity, and plant nutritional status. Growers are exploring alternatives to

expensive global soilless substrates by using locally available compost or substrates. However, the replacement must not only be sustainable and cost-efficient but also contribute to soil and plant nutrition, aiming to reduce the environmental impact of chemical fertilizer use.

Maintaining the quality of growth substrates is crucial for producing healthy plants that require sufficient water holding capacity and pore space for aeration, ensuring oxygen availability to plant roots. Different studies indicate that young seedlings grown in soilless substrates exhibit denser but shorter roots compared to soil culture, where seedlings have longer roots but are less dense. The cultivation of horticultural crops using soilless substrates is associated with higher yields and reduced dependence on pesticides. The use of soilless substrates helps eliminate soil-borne pathogens, leading to faster plant growth and a decrease in health risks related to the use of carcinogenic and hazardous pesticide sprays. Various substrates, including coco-coir, peat moss, sawdust from different trees, rice hulls, and lava rocks, are identified as suitable components for soilless cultivation of horticultural crops. The overall trend emphasizes the importance of environmentally friendly, nutrition-providing, and cost-effective alternatives to traditional soilless substrates in horticulture.



Use of microbes for biofertilizer production or as growth regulating microbes have a significant role in the value addition of soilless substrate in modern era. Biofertilizers, consisting of microbial living cells, play a crucial role in enhancing soil structure and nutrition. Symbiotic nitrogen-fixing bacteria, such as *Azotobacter* and *Azospirillum*, are well-known for their use in biofertilizers. These bacteria promote plant growth, reduce pathogenic fungal growth, produce phytohormones, antibiotics, and siderophores, and enhance nutrient availability and uptake.

The benefits of soilless substrates include the reduction of soil-borne hazardous organisms, safer disinfection, and the provision of ideal conditions for plant growth, leading to improved yield and quality. Despite the advantages, challenges such as high initial costs for installation and the need for technical expertise are acknowledged. Plant growth-promoting rhizobacteria like *Azospirillum*, *Azotobacter*, and *Bacillus* contribute to composting, enhance nutrient cycling, and produce growth-promoting substances such as gibberellins, cytokinins, and auxins. These microbes, particularly *Bacillus megaterium*, have the ability to fix nitrogen, release biologically active molecules, and secrete phosphatase organic compounds, promoting phosphorus uptake. Microbes play a crucial role in plant growth and development, particularly through the actions of plant growth-promoting rhizobacteria (PGPR). These are considered multipotent bio-inoculants, promoting plant growth, imparting resistance to plants, and suppressing major phytopathogens in the soil. High-quality seedling production is crucial for establishing successful crop plantations, and PGPRs play a role in modulating plant hormonal systems, improving seed germination, mineral nutrition, and water uptake. PGPRs can alleviate plant stress and enhance growth under various conditions.

In the context of horticultural crops, there is an increasing demand in international markets, and crops grown in soilless substrates tend to be more acceptable and can fetch higher prices. However, the exploration of more economical and locally available substrates is hindered by a lack of awareness and knowledge among the public and nurserymen regarding crop production in soilless culture.

Annual Chrysanthemum & Autumn Flower Show 2023

A three-day Annual Chrysanthemum & Autumn Flower Show was organized at Agriculture faculty lawns by Institute of Horticultural, University of Agriculture, Faisalabad, from December 12-14, 2023, to display and demonstrate chrysanthemum and autumn flowers along with IHS floricultural technologies. It was a pleasant sunny day when all the participants completed the set-up of their displays before the judges from Lahore, Islamabad and Faisalabad started evaluating their stalls. The chief guest of the inauguration ceremony, Prof. Dr. Iqrar Ahmad Khan,

(S.I., H.I.), Vice Chancellor, University of Agriculture, Faisalabad, inaugurated the event along with other dignitaries and appreciated the hard work put by the organizing team to organizing this marvelous show. Visitors also joined in large numbers to witness the unveiling of this event. IHS, floriculture lab. technologies were also displayed along with 20 chrysanthemum exotic verities. After inauguration, the chief guest visited IHS technologies stall and was briefed about the UAF-Gro, Rose value added products, Indigenous flower seeds, new specialty cut flowers and Registered calendula varieties, exotic chrysanthemum varieties and value chain & branding of cut flowers and potted plants. In this show, government organizations such as Nuclear Institute of Agriculture & Biology, Directorate of Floriculture, Lahore, Parks & Horticulture Authority, Faisalabad, Nuclear Institute of Biotechnology & Genetic Engineering, Faisalabad, Institute of Horticultural Sciences, University of Agriculture, Faisalabad, Capital Development Authority, Islamabad, Rawalpindi Cantonment Board, Rawalpindi etc. participated along with their chrysanthemum displays. Among private organizations, Millat Tractors, Lahore, Sitara Chemicals, Faisalabad, Ibrahim Fibers, Faisalabad, Horti Club Nursery, Faisalabad, Best Garden Nursery, Faisalabad, Al Rehman Nurserey, Faislaabad, Lalazar Nursery, Faisalabad, Gulshan e Waqar Nursery, Pattoki, Gardners Club, Faisalabad etc. also participated and displayed their chrysanthemums and autumn flowers in the show. Along with government and private organizations, many entrepreneurs such as Agriflora, Jaranwala, PakBloomia, Faisalabad, Gulban, Lahore, Botanic enterprises, Islamabad, and GYM club UAF, also participated with their products and exotic chrysanthemum varieties.

Other than professional organizations and businesses, students from Institute of Horticultural Sciences, UAF, Institute of Home Sciences, UAF, GC women University, Faisalabd, Punjab College, Faisalabad, and MNSUA, Multan, also participated in various categories and presented their ideas in the form of beautiful special displays, Gazebo, cactus gardens, special chrysanthemum walls, clock, flag of Palestine as symbol of peace, elegant photo frames, esthetic gardens, heritage display of chrysanthemums and floral arrangements. Along with special displays, many fresh and dry flower arrangements were also displayed. Many news channels as Suno news, 92 news, Duniya news, Express news, FM.100.4 also joined and interviewed the organizers, management team and visitors regarding their experience of this flower show. Many schools such as DPS Main Campus, DPS Premier Campus, Laboratory Girls High School, PAEC School, School of future thoughts etc. also participated with their special displays and table arrangements.

On day 3, Ms. Noriko Sato, Senior National Specialist/ Mission Lead of Asian Development Bank (ADP) along with Vice Chancellor UAF visited the show. She was briefed about the floriculture innovations developed at UAF and recent advances in floriculture at national level by Dr. Iftikhar Ahmad and his team. Visitors and participants were very excited after watching the mesmerizing display of flowers and participants were very confident while talking about their flower arrangements to visitors. Visitors enjoyed the event and encouraged young students about their skills and efforts. The beauty of chrysanthemums of various colors and kinds, fragrance of roses and eye-catching floral arrangements were just perfect to visit and enjoy and were praised by the visitors/participants. All the stallholders were full zeal to show their products.

At the end, prize distribution ceremony of the event was held at new senate hall where Prof. Dr. Iqrar Ahmad Khan, Vice chancellor UAF, along with Ms. Noriko Sato (ADP), Mr. Pirzada Arshad Farooq, DG ALP, PARC, and Dr. Muhammad Saeed, Director Floriculture Punjab awarded shields, trophies, and cash prizes to the winners of the show and shared their views about this event. Afterwards, Dr. Ahmad Sattar Khan Director IHS, UAF, shared his views regarding the event, and appreciated and encouraged students and organizing team. At the end, Dr. Iftikhar Ahmad paid a vote of thanks to all participants, guests, his team, and all offices of the university who supported him to organize this show in a befitted manner and making it a success story. Overall, it was an amazing and informative exhibition for students as well as visitors. These types of events are a source to enhance practical knowledge and skills among youth and to demonstrate the progress in field of floriculture in Pakistan.

کے مواد سے حاصل کردہ خام دوا کو برآمد کرنے کی اجازت ہے۔ محکمہ جنگلات ہماچل پردیش کے مطابق، ہندوستان میں پنگی کے علاقہ سے کاکولی کے بلب، 2017 سے 2021 کے دوران برآمدات کا کل تخمینہ حجم کی مقدار 29,116 کلوگرام تھی۔ لیکن بدقسمتی سے پاکستان سے برآمد شدہ کاکولی کا کوئی بھی ڈیٹا موجود نہیں۔ کیونکہ پاکستان سے اس کی ترسیل غیر قانونی طور پر کی جاتی ہے۔ جس کی بڑی وجہ پاکستان خصوصا گلگت بلتستان میں ادوایاتی اور خوشبودار پودوں کی نکاسی، ترسیل اور برآمد پر کسی مخصوص قواعد وضوابط کا نہ ہونا ہے۔

مارکیٹ کے لیے تیار کاکولی (جنگلی تھوم/لہسن) کے خشک بلب

موجودہ صورتحال:

کاکولی کو جنگلی مسکن میں زبردست کمی کا سامنا ہے۔ جس میں قدرتی مسکن سے غیر قانونی نکاسی اور تجارت شامل ہیں۔ بدقسمتی سے، اس کی دواؤں کے استعمال اور خصوصیات کے بارے میں کوئی تحقیق شدہ معلومات بھی موجود نہیں۔ تاہم، مقامی باشندوں کی طرف سے اس کو جلد اور تیزی سے مارکیٹ میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ استور میں مقامی اور غیر مقامی لوگ برف پگلنے کے دوران کاکولی کے مسکن میں بسیرا کرتے ہیں اور پودے نکلنے کے ساتھ ہی جولائی کے مہینہ میں بلب کی شدید نکاسی کرتے ہیں۔ اس غیر پختہ حالت میں نکاسی کی وجہ سے اس پر پھول نہیں آتے اور بیج پیدا نہیں ہوتے۔ جس کی وجہ سے اگلے موسم میں کم پودے نگلتے جو کہ بیجوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے ہے۔ کاکولی کی تعداد اس کے قدرتی مسکن میں بتدریج کم ہوتی جا رہی ہے اور اگر اس غیر قانونی نکاسی کو نہ روکا گیا تو تین سے چار سالوں میں اس پودے کا ناپید ہونے کا خدشہ ہے۔ اس کے علاوہ بلب کی غیر پختہ حالت میں نکاسی کی صورت میں پیداوار کے ساتھ ساتھ ادوایاتی مادے بھی کم ہوتے ہے۔ جبکہ بلب کی پختگی ستمبر-اکتوبر میں ہوتی ہے جو کہ اس کی نکاسی کا بہترین وقت ہے۔

مستقبل کے امکانات اور تحلیل

اس کی پیداواری ٹیکنالوجی نہ ہونے کی وجہ سے اس کی کاشت اور پیداوار انتہائی مشکل ہے۔ لہذا، اکثریت اب بھی کاکولی کے بلب کو جنگل سے جمع کر رہے ہیں۔ تاہم اس کو پائیدار طریقہ سے جمع اور برداشت کرنے کی منصوبہ بندی سے، اس کی جنگلی آبادی پر دباؤ کو کم کیا جا سکتا ہے اس کے ساتھ ساتھ، اس کی کاشت کے بہترین طریقہ کار پر کام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کاکولی کے تحفظ کے لیے پائیدار انتظامی امور کے ساتھ ساتھ منظّم نکاسی اور استعمالات ہی عملی حل ہے۔ اس کی بے جا غیر منظّم نکاسی نہ صرف اس کی جنگلی آبادی کو متاثر کر رہی ہے بلکہ کاکولی کی دیگر پرجاتیوں پر بھی برا اثر ڈال رہی ہے۔ لہذا، کاکولی کی آبادی کی بہترین پیداوار اور تحفظ کو متاثر کرنے والے دیگر عوامل کو بھی حل کرنے کی ضرورت ہے۔

اس کے علاوہ استور میں کاکولی کی کم ہوتی ہوئی آبادی اور ماحول پر اس کے منفی اثرات کے بارے میں آگاہی پھیلانے کے ساتھ ساتھ حیاتیاتی تنوع کی انتظامی کمیونٹی (Natural resource management community) کے قیام اور اِسے مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ حیاتیاتی تنوع کی انتظامی کمیونٹی میں مختلف لوگوں جیسے کہ محکمہ جنگلات کے ذمہ داران، مقامی کلکٹر، روایتی حکیم اور ادویاتی پودوں کے تاجروں کے تعاون سے ہی اس کا تحفظ ممکن ہے۔ ادوایاتی اور خُشبو دار پودوں کی کاشت، نکاسی اور ذخیرہ کرنے میں جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے زیادہ منافع کمایا جا رہا ہے۔ جس میں کاکولی (جنگلی لہسن/تھوم) زیادہ نرخوں میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ایک سے زیادہ خطرات سے دوچار ہے۔ لہذا، اس طرح کے اعلیٰ قیمت والے ادوایاتی پودوں اور انواع کے تحفظ کو ترجیح دی جانی چاہیے جس کے لیے ممکنہ ماخذ علاقوں میں میڈیسنل پلانٹ پروٹیکٹیڈ/کنزرویشن ایریاز (Medicinal plant protected/conservation areas) کا قیام عمل میں لانا چاہیے۔ مزید، کاکولی کو غیر منظّم، ضرورت سے زیادہ نکالنے، غیر استحکام اور بلبوں کی قبل از وقت کٹائی کے ساتھ ساتھ غیر قانونی پوشیدہ مارکیٹینگ کی روک تھام پر کام کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ تاہم محکمہ PARC کا ماؤنٹین ایگریکلچرل ریسرچ اسٹیشن، استور (ایم-اے-آر-ایس، استور) اس طرح کی نایاب بوٹیوں کی کنزرویشن (تحفظ) کیلئے خاطر خواہ اقدامات اپنی بساط کے مطابق کرنے میں کوشاں ہے۔ ایم-اے-آر-ایس، استور میں کاکولی (جنگلی لہسن/تھوم) پر تحقیقاتی کام شروع کیا جا رہا ہے جس کے لیے محکمہ جنگلات، گلگت بلتستان کا تعاون درکار ہے۔

تحقیقاتی سرگرمیوں کے لیے ایم-اے-آر-ایس، استور میں کاکولی (جنگلی لہسن/تھوم) کے سٹور شدہ بلب

جنگلی تھوم کی حقیقت اور پسِ منظر

یاسر مجید☆، حاصل خان☆☆ زاہد اللہ☆☆☆
☆PARC ماؤنٹین ایگریکلچرل ریسرچ اسٹیشن، استور، گلگت بلتستان، ☆☆PARC ماؤنٹین ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر، جگلوٹ، گلگت بلتستان، ☆☆☆فارسٹ ڈیپارٹمینٹ، گلگت بلتستان

پاکستان جغرافیائی لحاظ سے ایک منفرد ملک ہے۔ جس کی سطح اونچائی 0 سے 8611 میٹر تک ہے جو کہ مختلف قسم کے موسمی علاقے اور منفرد حیاتیاتی انواع رکھتا ہے۔ پاکستان میں تقریباً 6000 اقسام کے پودے موجود ہیں جس میں 600 سے 700 قسم کے پودے ادویات کے طور پر استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ پاکستان میں زیادہ تر ادویاتی پودے ملک کے کم ترقی یافتہ اور دور دراز کے دیہی علاقوں جیسے گلگت بلتستان، فاٹا، کے پی کے اور بلوچستان کے دیگر حصوں میں پائے جاتے ہیں۔ جبکہ گلگت بلتستان ادویاتی اور خوشبودار پودوں کا بڑا مرکز ہے۔

تعارف

گلگت بلتستان کی بے شمار ادویاتی جڑی بوٹیوں میں ایک قیمتی جڑی بوٹی جو کہ جنگلی تھوم کے نام سے مشہور ہے۔ درحقیقت تھوم نہیں ہے۔ بلکہ لیلی کے خاندان سے تعلق رکھنے والی ایک ایشیائی جڑی بوٹی ہے جس کا نباتاتی نام فریٹیلیریا سیروسا (Fritillaria cirrhosa) ہے جبکہ ہندوستان میں یہ کاکولی کے نام سے جانی جاتی ہے۔ فریٹیلیریا کا نام لاطینی لفظ 'fritillus' سے ماخوذ ہے جس کا مطلب ہے ڈائس باکس (box-dice)۔

اکاکولی (جنگلی تھوم/لہسن) کا پود

جو کہ اس کے پھولوں کے شطرنج نما ترتیب سے ماخذ ہے۔ اس کی دو، تین پرجاتیاں ہیں۔ جس میں cirrhosa، sungbel اور thunbergia شامل ہیں۔ یہ جڑی بوٹی بنیادی طور پر ہمالیہ رینج، پاکستان، چین، ہندوستان، نیپال، بھوٹان اور میانمار میں پائی جاتی ہے۔ ہندوستان میں، یہ اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور جموں وکشمیر کی ریاستوں میں موجود ہے۔ جبکہ پاکستان میں یہ پودا آزاد کشمیر اور ضلع استور کے علاقہ دُومیل، منی مرگ اور کالا پانی میں پایا جاتا ہے۔ یہ بوٹی 3000 سے 4200 میٹر تک کی بلندی پر پائی جاتی ہے۔ جو کہ بنیادی طور الپائن اور ذیلی الپائن علاقوں میں چٹانوں اور گھاس کی ڈھلوانوں پر اُگتی ہے۔ اس میں عام طور پر مئی تا جولائی زرد سبز سے سرخ اور بھورے جامنی رنگ کے پھول آتے ہیں جبکہ بیج ستمبر تا اکتوبر پک کر تیار ہو جاتے ہیں۔ اس کے پتے لمبے، نوکدار اور لکیری شکل کے ہوتے ہیں۔ یہ پیلے رنگ کے ہمالیائی فرٹیلری کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ یہ روایتی آیورویدک کی اشٹاورگا کا اہم جزو ہے جو کہ آٹھ قسم کی جڑی بوٹیوں کا ایک گروپ ہے۔ کاکولی کی زیادہ مانگ، اس پرجاتی کے بلبوں سے بنائی جانے والی الپائن ہمالیائی دواؤں کی وجہ سے ہے۔ ایک رپورٹ کرمطابق کاکولی کے بلب بخار کے لیے، دودھ کو بڑھانے، جس الدّم، گلے سے بلغم نکالنے، شہوت انگیز، جوڑوں کے درد کو کم کرنے منی کی اساس ونمو کے لیے مفید ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں طاقت بخش، خون کی قے اور شدید پیاس کو کم کرنے جیسی خصوصیات بھی موجود ہیں۔ جبکہ استور کے مقامی لوگوں کے مطابق کاکولی کے بلب معدہ، جگر کی گرمی اور بیرونی زخموں کیلئے بہت مفید ہے تاہم اس کے استعمالات اور خصوصیات، تحقیق سے ابھی تک ثابت نہیں۔ اور اس کی ادویاتی خصوصیات پر تحقیق ہونا باقی ہے۔

پسِ منظر

آیورویدک دوا کے نظام میں اشٹاورگا (8) جڑی بوٹیوں کا ایک گروپ ہے ('اشٹا' کا مطلب آٹھ اور 'ورگا' کا مطلب ہے گروپ) جو کہ صحت کے فوائد کے حامل سمجھے جاتے ہیں۔ فریٹیلیریا (کاکولی) اس گروپ کا اہم جزو ہے۔ جو کہ عرصہ دراز سے ہندوستان میں آیورویدک دوا کے نظام میں استعمال ہوتا رہا ہے۔ اس کی بے جا مانگ اور نکاسی کی وجہ سے ہندوستان میں اس کی نکاسی پر پابندی عائد کی گئی تھی۔ جبکہ اُس وقت جنگلی لہسن (تھوم) اور جنگلی پیاز کی نکاسی پر پابندی عائد نہ تھی۔ کاکولی کے بلب پیاز کے خاندان کی انواع سے مُشابہ ہوتے ہیں اس لیے کاکولی کی غیر قانونی نکاسی اور تجارت کے لیے اس کی اصل پہچان کو چھپایا گیا اور عام ایلیم پرجاتیوں، لہسن اور پیاز وغیرہ کے روپ میں نکاسی شروع کی گئی۔ جس کی مارکیٹ میں جنگلی تھوم کے نام سے فروخت شروع ہوئی۔ ایک رپورٹ کے مطابق ہندوستان میں سال 2009 تا 2010 میں کاکولی کی نکاسی بڑے پیمانے پر کی گئی۔ جو کہ اس کی مانگ میں اضافہ کی وجہ بنی۔ اس کے بعد 2014 میں کاکولی کے بلب کے لیے ہماچل پردیش، جموں وکشمیر اور اتا کند میں بڑی نکاسی ریکارڈ کی گئی۔ جس کی وجہ، اس کی قیمت میں اضافہ تھا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں پہاڑوں سے اکٹھا کیے جانے والے کاکولی کے بلبوں کی قیمت 2002 میں 60 امریکی ڈالر فی کلو تھی جو کہ 2017 میں نو گنا سے زیادہ بڑھ کر 560 امریکی ڈالر فی کلو ہوئی۔ جس کے نتیجہ میں اس بوٹی میں شدید کمی واقع ہوئی۔ جس کی بدولت ہندستان میں 2019 میں کاکولی کے 5 کلو بلب 60 ہزار ہندستان روپے میں فروخت ہوا۔ کاکولی کو IUCN کی سرخ لسٹ میں معدومیت کے شدید خطرے سے دوچار انواع (Critically Endangered species) میں شامل کیا گیا۔ سپلائی سے زیادہ مانگ کی وجہ سے کاکولی کے بلب کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہو رہا ہے۔ جبکہ پاکستان میں کاکولی کے بلب کی باقاعدہ نکاسی 2019 تا 2020 میں شروع ہوئی۔ اُس وقت یہ 23-22 ہزار فی کلو پاکستانی روپے فروخت ہوا۔ جبکہ 2020 تا 2021 میں، پاکستان میں اس کی سب سے بڑی نکاسی ریکارڈ کی گئی۔ 2020-2021 میں یہ بوٹی 35-30 ہزار فی کلو پاکستانی روپے میں فروخت ہوئی۔ 2022 تا 2023 میں اس کی پیداوار کم ہونے کی وجہ سے اس کی قیمت 70-65 ہزار فی کلو رہی۔

مارکیٹنگ:

کاکولی کے بلب ان 18 جڑی بوٹیوں میں سے ایک ہے جن کی پوری دنیا بہت مانگ ہے۔ جو بڑے پیمانے پر تجارت کا حصہ ہیں۔ جن کی صرف چین میں سالانہ 400 ملین امریکی ڈالر کی مانگ ہے۔ پاکستان سمیت تمام ممالک میں اس کی برآمد پر پابندی عائد ہے۔ تاہم، ہندوستان میں کاشت شدہ کاکولی

ساتھی فصلوں کی کاشت کرتے وقت مندرجہ ذیل باتیں ذہن میں رکھیں۔

- جب مختلف سبزیوں کو ایک ساتھ لگائیں تو کوشش کریں کہ ان کو پانی کی ضروریات کے مطابق اکٹھا لگائیں۔مثال کے طور پر زیادہ گہرائی میں جانے والی سبزیاں جیسے کہ ٹماٹر، تربوز، بھنڈی، کدو کو ایک ساتھ لگائیں۔ کیونکہ یہ زمین کی گہرائی سے پانی جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں جبکہ کم اور درمیانی گہرائی والی سبزیاں جیسے کہ لوبیا، گاجر، مولی، پیاز جن کو بار بار پانی کی ضرورت ہوتی ہے، ان کو اکٹھا کاشت کریں۔
- ساتھی فصلوں کی کاشت کے وقت پودوں کی لمبائی بھی نظر میں رکھنی چاہیے۔مولی جیسی جلدی تیار ہونے والی فصل کو تربوز یا کدو کے بیچ میں لگائیں کیونکہ انکی بیلوں کے پھیلنے سے قبل ہی مولی پک کر تیار ہو جاتی ہے۔اس کے علاوہ پالک مکئی کی چھاؤں میں بہتر بڑھوتری کرتی ہے۔
- ساتھی فصلوں کی کاشت میں بہت سی فصلیں باہمی فائدے کے لیے ایک ساتھ لگاتے ہیں لیکن کچھ فصلیں فائدہ دینے کی بجائے نقصان زیادہ پہنچاتی ہیں۔ کیونکہ وہ پانی، ہوا، دھوپ اور غذائی اجزاء کے حصول کے لئے مقابلہ کرتی ہیں جیسے کہ سونف کی کاشت دوسری فصلوں کے لیے نقصان دہ ہے۔
- وہ سبزیاں جو ایک ہی قسم کی بیماری کے لیے حساس ہیں جیسے کہ جڑ کا گلاؤ وغیرہ کو پھیلنے سے روکنے کے لیے ایک دوسرے سے دور لگانا چاہیے۔ یہ طریقہ کار نقصان دہ کیڑوں کے حملے کو روکنے میں بھی مددگار رہے۔



کھیرا	لوبیا، اجوائن، مولی، سورج مکھی، نسٹریشم	اجوائن سست تیلہ کو بھگاتی ہے جبکہ نسٹریشم اور مولی لال بھونڈی کا حملہ کم کرتی ہے۔ لوبیا زمین میں نائٹروجن کی مقدار کو بڑھاتا ہے اور سورج مکھی کا پودا بیلوں کو سہارا فراہم کرتا ہے۔
توری، کدو	مکئی، زینیا، نسٹریشم، بک ویٹ (Buck wheat)	بک ویٹ لگانے سے مفید کیڑے آتے ہیں جو نقصان دہ کیڑوں کو کھا جاتے ہیں۔ زینیا کی کاشت شہد کی مکھیاں راغب کرنے کا باعث بنتی ہے جبکہ نسٹریشم سفید مکھی اور سست تیلہ سے بچاتا ہے۔
پالک	مٹر، لوبیا، دھنیا، روزمیری (Rosemary)	مٹر اور لوبیا قدرتی چھاؤں دیتے ہیں اور روزمیری اور دھنیا کیڑوں کو بھگاتے ہیں۔
آلو	سرسوں، مکئی، لوبیا	یہ تمام فصلیں آلو کی بڑھوتری میں مددگار ثابت ہوتی ہیں کیونکہ تمام زمین کے اوپر بڑھتی ہیں۔ اس کے علاوہ آلو لوبیا کے اوپر آنے والے بھونڈی کو روکتا ہے۔
مولی	گاجر، پالک، کھیرا، مٹر، سلاد پتہ	مولی کھیرے پر آنے والی مکھیوں اور بھونڈی سے روکتی ہے۔ جبکہ گاجر اور مولی دونوں جڑ والی فصلیں ہیں لیکن مولی جلدی برداشت ہو کر گاجر کے لیے جگہ بناتی ہے جس نے دیر سے تیار ہونا ہے۔ مزید یہ کہ مولی گاجر کے لیے زمین کو نرم کر دیتی ہے۔
گاجر	ٹماٹر، روزمیری، سیج، پیاز	گاجر چونکہ موسم سرما کی فصل ہے اس لیے ٹماٹر کے ساتھ لگانے سے ان کو چھاؤں مل جاتی ہے۔ جبکہ گاجر ٹماٹر کی جڑوں کے نزدیک زمین کو ہوادار بناتی ہے تاکہ جڑوں کو زیادہ پانی اور ہوا میسر ہو سکے۔

ساتھی فصلوں کی مزید مثالیں یہ ہیں۔

- لہسن: چقندر، گاجر، بینگن، مرچیں، آلو، ٹماٹر
- خربوزہ: تربوز، بروکلی، مکئی، مولی، لہسن
- شلجم: پالک، مولی، پیاز، آلو
- مٹر: لوبیا، گاجر، مکئی، کھیرا، بینگن، پالک، ٹماٹر
- سلاد پتہ: پیاز، زینیا، تلسی، مولی
- پیاز: گیندا، پالک، ٹماٹر، گاجر

Horti mag
Vol. 12 No. 2 | July-December 2023

سبزیوں میں ساتھی فصلوں کی کاشت

عائشہ منظور، محمد ثاقب نوید، رانا محمد اظہر علی، ڈاکٹر فریحہ شیریں

ساتھی فصلوں کی کاشت باہمی فائدے کے لیے مختلف پودوں کو ایک ساتھ لگانے کا عمل ہے۔اس طریقہ کار میں دو یا اس سے زیادہ فصلوں کو ایک دوسرے کے نزدیک اگایا جاتا ہے تاکہ نقصان دہ کیڑوں کو بھگایا جا سکے، کیڑے مار زہروں کا استعمال کم ہو سکے، مٹی کو بہتر بنایا جا سکے اور فصل کی پیداوار کو بڑھایا جا سکے۔

فوائد:

سبزیوں کو ایک ساتھ لگانے سے مختلف فوائد حاصل ہو سکتے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔قدرتی سہارا:

لمبے پودے جیسے کہ سورج مکھی اور مکئی، چھوٹے اور زمین پر پھیلنے والے پودوں (کھیرا، لوبیا، مٹر) کو بیلوں کی بڑھوتری کے لیے سہارا دیتے ہیں۔

2۔ چھاؤں فراہم کرنا:

بہت زیادہ دھوپ میں رہنے سے چھوٹے اور نازک پودوں کو نقصان ہوتا ہے لیکن ساتھی فصلوں کی کاشت جیسے کہ لمبائی والے پودے ان کو چھاؤں فراہم کر کے دھوپ سے بچاتے ہیں۔مزید یہ کہ لمبے پودے چھوٹے ساتھی پودوں کو تیز ہوا سے بھی بچاتے ہیں اور زمین کو ٹھنڈا رکھتے ہیں تاکہ پانی کا اخراج کم ہو۔

3۔کیڑے مکوڑوں کو بھگانا:

کچھ سبزیاں کیڑے مکوڑوں کو بھگانے کے حوالے سے جانی جاتی ہیں۔جیسے کہ لہسن اور پیاز کی خوشبو بہت سے حملہ آور کیڑوں کو ناپسند ہوتی ہے۔اس لیے ان فصلوں کو ساتھ کاشت کرنے سے نقصان دہ کیڑوں کے حملے سے بچایا جا سکتا ہے اور کیڑے مار ادویات کا استعمال بھی کم ہو جاتا ہے۔

4۔گھاس پھوس کا کم اگاؤ:

لمبے پودے اور زمین پر پھلنے والی سبزیوں کو ایک ساتھ لگانے سے کھیت کا بہت سا حصہ ڈھانپ جاتا ہے جس سے گھاس پھوس کا اگاؤ کم ہو جاتا ہے۔

5۔فائدہ مند کیڑوں کو راغب کرنا

کچھ سبزیاں فائدہ مند کیڑوں جیسا کہ شہد کی مکھیاں، تتلیاں وغیرہ کو اپنے شوخ رنگ پھول اور خوشبو کی وجہ سے اپنی طرف راغب کرتی ہیں جس کی وجہ سے ساتھی فصلوں میں بار آوری (polination) بہتر ہوتی ہے اور زیادہ پھل لگتا ہے۔

6۔زمین کی زرخیزی بڑھانا:

پودوں کی جڑیں زمین کی ساخت پر اثر انداز ہوتی ہیں۔لمبی جڑوں والی سبزیاں جیسے کہ گاجر اور مولی زمین کی گہرائی سے غذائی اجزاء کو سطح پہ لے آتی ہیں جو کہ اوپر کی زمین (Topsoil) کو آفزردہ کرتے ہیں تاکہ کم گہرائی میں جانے والی جڑوں کے پودوں کو فائدہ پہنچ سکے۔مزید یہ کہ کچھ سبزیاں جیسے کہ لوبیا، مٹر اور دیگر ڈالیں زمین میں نائٹروجن کو بآسانی دستیاب بنانے میں مدد کرتی ہیں۔

7۔پودے کی صحت بہتر بنانا:

جب ایک پودا مٹی سے غذائی اجزاء کو جذب کرتا ہے تو یہ ساتھ لگے پودوں کی آس پاس کی زمین کی بھی حیاتیاتی کیمیا کو تبدیل کر دیتا ہے جس سے ساتھی پودے کی صحت پر اثر پڑتا ہے۔

ساتھی پودے لگانے کی سب سے مشہور مثال میں ایک "تھری سسٹرز" (Three sisters) طریقہ ہے جسے امریکہ میں کاشتکار بڑے پیمانے پر لگاتے ہیں اس طریقہ کار میں تین سبزیوں (مکئی، لوبیا اور کدو) کو باہمی فائدے کے لیے ایک ساتھ لگایا جاتا ہے۔کیونکہ مکئی کے لمبے اور سیدھے پودے لوبیا کی بیلوں کو چڑھنے کے لیے سہارہ دیتے ہیں اور تیز ہواؤں سے محفوظ رکھتے ہیں جبکہ زمین پر پھیلنے والی سبزی کدو نہ صرف زمین کو ڈھانپ کر اس میں نمی کے تناسب کو برقرار رکھتی ہے بلکہ اپنے بڑے اور چبھنے والے پتوں کی وجہ سے گھاس پھوس کو اگنے سے روکتی ہے اور کیڑوں کا حملہ بھی کم کرتی ہے اس کے علاوہ لوبیا زمین میں نائٹروجن کی مقدار کو بڑھانے اور اسے باقی پودوں کے لیے بآسانی دستیاب ہونے میں مدد کرتا ہے۔

ساتھی فصلوں کی کاشت عمومی طور پر سبزیوں میں کی جاتی ہے لیکن پھولوں اور جڑی بوٹیوں کی سبزیوں کے ساتھ کاشت نا صرف نقصان دہ کیڑوں کو دور بھگاتی ہے بلکہ یہ مفید کیڑوں اور شہد کی مکھیوں کو اپنی جانب راغب کرتے ہیں مزید کہ ان کو سبزیوں کے ساتھ لگانے سے کھیت کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

مختلف جڑی بوٹیاں جو سبزیوں کے ساتھ کاشت کر سکتے ہیں ان میں تلسی، پودینا، روز میری، تھائم (Thyme)، سیج (sage)، لیونڈر (lavender) اور یگانو، اجوائن اور گندنا (leek) شامل ہے جبکہ پھولوں میں سورج مکھی، گیندا، نسٹریشم، اور زینیا شامل ہیں۔

سبزیوں میں ساتھی فصلوں کی کاشت کی کچھ مثال مندرجہ ذیل ہیں۔

سبزی	ساتھی فصل	فوائد
ٹماٹر، مرچیں	لہسن، پیاز، تلسی	لہسن اور پیاز اپنی تیز خوشبو کی بنا پر نقصان دہ کیڑوں جیسے کہ پھل کی مکھی اور سست تیلا کو بھگاتی ہے۔جبکہ تلسی کے پودے شہد کی مکھیوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں جس سے ٹماٹر میں بار آوری کا عمل بہتر ہوتا ہے اور پیداوار بھی زیادہ ہوتی ہے۔
چقندر	مولی، سرسوں، لہسن، سلاد پتہ، پیاز، شلجم	پیاز چور کیڑا اور سرنگ بنانے والے کیڑوں کے حملے سے بچاتا ہے۔چقندر زمین میں غذائی اجزاء کو بڑھاتا ہے کیونکہ اس کے پتوں میں 25 فیصد میگنیشیم ہوتا ہے جو سلاد پتہ کی بڑھوتری کے لیے ضروری ہے۔

Horti mag
Vol. 12 No. 2 | July-December 2023

بھی شامل ہے۔ آکزنز پودوں کی جڑوں کی خلیوں کو لمبا کرتا ہے اور ان کا نظام بہتر کرتا ہے، جس کی وجہ سے پودے اپنی خوراک کی ضرورت کو بہتر طریقے سے پورا کرتے ہیں۔ جبرالک ایسڈ شاخوں کی ساخت کو بہتر کرتا ہے اور نئی کونپلوں میں خلیوں کے سائز کو بڑھاتا ہے۔

مٹروں کے بیج کی فصل پر فائدہ مند جراثیم کا استعمال

پچھلے کئی سالوں سے اس طرح کا نظام لایا جا رہا ہے جس میں کسان کا بھرپور فائدہ ہو سکے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ایک تجربہ کیا گیا کہ کھادوں کی مقدار کے ساتھ ساتھ اگر فائدہ مند جراثیم کا استعمال کیا جائے تو فصل کی پیداوار کو بڑھایا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اس تجربے میں کچھ مٹروں کو فائدہ مند جراثیم (پی۔ایس۔بی بیکٹیریا اور ٹرائیکوڈرما فنگس) کے محلول میں ڈبویا گیا اور اس کے بعد ان کو بویا گیا جبکہ کچھ مٹروں کو بغیر کسی فائدہ مند جراثیم کے محلول میں ڈبو کر بویا گیا اور دونوں کو کھاد سفارش کردہ مقدار کے مطابق دی گئی۔

جن مٹروں کو پی۔ایس۔بی (PSB) جراثیم کے محلول میں ڈبو کر لگایا تھا ان کی پیداوار ایک ہزار 58 کلو گرام فی ایکڑ حاصل ہوئی جو بغیر کسی فائدہ مند جراثیم کے محلول میں ڈبو کر لگائے گئے بیج کی پیداوار (920 کلوگرام فی ایکڑ) سے 15 فیصد زیادہ تھی۔ مزید، جن بیجوں کو ان دونوں جراثیموں کے محلول میں ڈبو کر لگایا گیا ان کی پیداوار سب سے زیادہ یعنی ایک ہزار 75 کلو فی ایکڑ حاصل ہوئی (تصویر نمبر 1) جو کہ بغیر کسی فائدہ مند جراثیم کے محلول میں ڈبو کر لگائے گئے بیج (کنٹرول) کی پیداوار کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ تھی۔ بعد ازاں جب ان کی کوالٹی کو ٹیسٹ کیا گیا تو جو بیج اس کی فصل سے حاصل ہوا جن کو جراثیم کے محلول میں ڈبو کر لگایا گیا تھا، اسکی کوالٹی سب سے اچھی تھی بلکہ ان بیجوں میں بیکٹیریا اور فنگس کے اثرات بھی پائے گئے جو ایک خوش آئند بات ہے۔ علاوہ ازیں جس بیج کو جراثیموں کے محلول میں ڈبو کر بویا گیا تھا ان بیجوں کا اگاؤ (90 فیصد) بغیر جراثیم کے محلول میں ڈبو کر بوئے گئے بیج سے حاصل ہونے والے بیجوں (کنٹرول، 78 فیصد) کی نسبت زیادہ تھا (تصویر نمبر 2)۔



تصویر نمبر 1: مٹر کے بیج کی پیداوار (کلوگرام فی ایکڑ)



تصویر نمبر 2: حاصل کردہ مٹر کے بیج کا اگاؤ (فیصد)

فائدہ مند جراثیم کا طریقہ استعمال

بیج کو فائدہ مند جراثیم لگانے کے لیے تقریباً آدھا لیٹر پانی لیں اور اس میں 300 گرام چینی یا گڑ کو اچھی طرح حل کر کے شیرہ بنا لیں۔ اس شیرے میں جراثیموں کا محلول ڈال لیں۔ اور اس کے حجم کو پانی کے ذریعے سے ایک لیٹر تک پورا کر لیں۔ مٹر کے بیج کو شیرے اور جراثیموں کے اس آمیزے میں ڈال کر اچھی طرح ملائیں اور تقریباً دس منٹ کے لیے چھوڑ دیں۔ پھر بیج کو سایہ دار جگہ میں خشک کریں اور بیج کو اسی دن بو دیں۔

Horti mag
Vol. 12 No. 2 | July-December 2023

مٹر کے بیج کی فصل پر فائدہ مند جراثیم کا استعمال

محمد ہارون، ڈاکٹر خرم ضیاف، ڈاکٹر محمد نوید، واجد نذیر، انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

تعارف اور افادیت

مٹر موسم سرما کی ایک اہم سبزی ہے۔جس کا نباتاتی نام پائیسم سیٹیوم(Pisum sativum) ہے۔اور یہ فیبیسی (Fabaceae) خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔مٹر میں بہت زیادہ مقدار میں پروٹین موجود ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ اس میں کاربوہائیڈریٹس، فائبرز، وٹامن۔اے، وٹامن۔بی 6، وٹامن۔کے، تھائمین، سوڈیم اور میگنیشیم پائے جاتے ہیں جو کہ ہمارے جسم کے اجزائے ترکیبی کا ایک خاص حصہ ہیں۔مٹر ایک خوش مزاج سبزی ہے جو کہ ہمارے جسم میں رطوبتوں کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اس کے علاوہ دل کی بیماریوں، بلڈ شوگر، کولیسٹرول اور فیٹس کو کم کرتی ہے۔ کچھ حالات میں اس کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے جیسا کہ گیس، قبض، السر کی حالت میں اس کا استعمال نہ کرنا بہتر ہے۔

اس خاندان کے پودوں میں ایک خاصیت جڑوں میں گانٹھیں یعنی نوڈیولز(Nodules) بنانا ہے جن کا یہ فائدہ ہے کہ ان کے اندر فائدہ مند جراثیم رہائش پذیر ہو سکتے ہیں۔یہ جراثیم پودے کو ہوا سے نائٹروجن کی دستیابی میں مدد کرتے ہیں اور بدلے میں پودا ان کو اپنے جڑوں میں بنے نوڈیولز یعنی گرہ یا گانٹھ میں پناہ دیتے ہیں۔اس کے علاوہ جراثیموں کی ایک خاص قسم مٹی میں موجود کھادوں یا خوراک کی ایسی حالت، جسے پودا براہ راست نہیں استعمال کر سکتا، اسے استعمال کے قابل بناتے ہیں اور نتیجتاً پودے آسانی سے اپنی خوراک کا حصہ بنا سکتے ہیں۔

موسم کاشت اور آب و ہوا

مٹر کی فصل کے بہترین اگاؤ کے لیے 21 سے 28 ڈگری سینٹی گریڈ بہترین درجہ حرارت ہے۔اگر درجہ حرارت 21 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم ہو تو مٹر کا اگاؤ کم ہوتا ہے اور اگر درجہ حرارت 28 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ ہو جائے تو اگاؤ تو بہتر ہو جاتا ہے مگر اس کو بیماری لگنے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔۔عام طور پر مٹر کو ستمبر تا نومبر تک کاشت کیا جاتا ہے جبکہ حالیہ دور میں مٹر کی ایسی اقسام بھی موجود ہیں جن کو بہت اگیتی اور پچھیتی بھی کاشت کیا جا سکتا ہے۔اگیتی کاشت (20 ستمبر تا 15 اکتوبر) میں میٹیور، سرینہ زرد، لینا پاک اور سپریم، درمیانی کاشت (15 اکتوبر تا 15 نومبر) میں سرسبز، گرین کراس، کلاسک، چیمپئین نارل اور Pea-2009 جبکہ پچھیتی کاشت (15 نومبر تا 15 اکتوبر) میں کلائیمیکس، ایڈویٹا سیلیکشن، چیمپئین لیٹ مشہور ہیں۔مٹر کے لیے بہت ہی اچھے نکاس والی زمین یعنی میرا زمین کا انتخاب کرنا چاہیے اور ایسی زمین سے اجتناب کرنا چاہیے جس میں پانی زیادہ دیر کھڑا رہے۔پانی زیادہ دیر کھڑا رہنے کی وجہ سے اس جڑوں کی بیماری کا حملہ زیادہ ہوتا ہے۔زمین کا انتخاب کرنے کے بعد اس میں گلی ہوئی گوبر کی کھاد 25 تا 30 ٹن فی ایکڑ کے حساب سے ڈالیں اور اچھی طرح زمین میں ملا کر پانی لگا دیں۔مٹر کے بیج لگانے سے پہلے دو بوری ٹرپل سپر فاسفیٹ یا ایک بوری ڈی۔اے۔پی، ایک بوری سلفیٹ آف پوٹاش اور ایک بوری امونیم سلفیٹ یا آدھی بوری یوریا کھاد فی ایکڑ کے حساب سے ڈالیں۔اس کے بعد اگر مٹر چھٹے کے ساتھ لگانا مقصود ہو تو چھٹا کرنے کے بعد کھیلیاں بنا دینی چاہیے۔ اگر چوڑی پٹریوں پر لگانا مقصود ہو تو پہلے پٹریاں بنا کر اس پر چار انچ کے فاصلے پر مٹر لگانا چاہیے۔باقی سبزیوں کی نسبت مٹر کو کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔اس لیے بہترین اگاؤ کے لیے بوائی کے فوراً بعد پانی لگانا بہت ضروری ہوتا ہے اور خیال رہے کہ پانی مٹر کی سطح تک نہ پہنچے، صرف اس کی نمی پہنچے، ورنہ اس کا اگاؤ متاثر ہو سکتا ہے۔اگر موسم گرم رہے تو 8 سے 10 دن بعد پانی لگانا چاہیے۔سرد موسم میں یہ وقفہ 12 سے 15 دن تک بڑھا دینا چاہیے۔

فائدہ مند جراثیم کے فوائد

ٹرائیکوڈرما(Trichoderma) ایک ایسی فنگس (Fungus) ہے جس کا استعمال کافی امور میں فائدہ حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔مثلاً اسے بائیو کنٹرول ایجنٹ، پودے کی بڑھوتری، ڈی کمپوزنگ ایجنٹ کے ساتھ ساتھ ایزائمز کے حصول کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ٹرائیکوڈرما فنگس پودے میں نقصان دہ پھپھوندی کے خلاف لڑنے میں قوت مدافعت بھی پیدا کرتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ جڑوں کے نماٹوڈز(Nematodes) کو ختم کرتی ہے اور ان کے انڈوں کو بھی تباہ کرتی ہے۔یہ مٹی میں موجود نامیاتی مادے کو بھی تحلیل کرتی ہے۔یہ پودے کی جڑوں کے خلیوں کی باہر والی پرت کے نیچے اپنا مسکن بناتی ہے۔یہ جڑوں کی ساخت کو بہتر کرنے کے ساتھ ساتھ بیج کے اگاؤ کو بھی بڑھاتی ہے۔

فاسفورس کو حل کرنے والا ہے بیکٹیریا یا (Phosphorus solubilizing bacteria, PSB) ایک ایسا جراثیم ہے جو زمین میں موجود غیر حل پذیر فاسفورس کو حل پذیر فاسفورس میں بدل دیتا ہے۔جسے پودے آسانی سے اپنی خوراک کا حصہ بنا سکتے ہیں۔یہ بیکٹیریا زمین میں ایسے نامیاتی تیزاب پیدا کرتا ہے جن سے زمین کی تیزابیت بہتر ہوتی ہے اور غیر حل پذیر فاسفورس حل پذیر ہو کر پودوں کے لیے دستیاب ہو جاتی ہے۔اس کے علاوہ یہ زمین میں ایسے مادے بھی چھوڑتا ہے جو نقصان دہ جراثیم سے پودوں کی حفاظت کرتا ہے۔یہ ایسے مادے (ہارمونز) بھی بناتا ہے جو پودے کی نشوونما کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں جن میں آگزنز (Auxins) اور جبرالک ایسڈ (Gibberellic Acid)

Horti mag
Vol. 12 No. 2 | July-December 2023

8th International Horticulture Conference and Expo (IHCE-2024)

The Department of Horticultural Sciences, The Islamia University of Bahawalpur, Pakistan in collaboration with Pakistan Society for Horticultural Science (PSHS) is organizing 8th International Horticulture Conference and Expo (IHCE-2024) on February 26-28, 2024. The theme of conference is "Innovations in Sustainable Horticulture". The deadline for abstract submission is January 31, 2024. For further details regarding "Abstract submisison" and "Conference Registration" please follow the link https://www.pshsciences.org/event/ihce2024/

Queries/Comments/Advertisements
Dr. Iftikhar Ahmad
Managing Editor, Hortimag
University of Agriculture, Faisalabad

Tel: 041-9201086
Cell: 0334-7416664
Email: hortimag@pshsciences.org